**Class: VII**

**Mid Term Examination-2023-24**

**Subject: Urdu**

**Marking Scheme**

**Set:B**

نوٹ:تمام سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے-ہر سوال کے سامنے ان کے نمبر درج ہیں۔

سوال نمبر١:ذیل میں سے کسی ایک پر آدھ صفحہ کا مضمون لکھیں ؟ ۵

تاج محل

---

ہندوستان میں بہت سی تاریخی عمارتیں ہیں مثلا جامع مسجد، لال قلعہ، پرانا قلعہ، کتب مینار، تاج محل وغیرہ ۔ آگرہ کا تاج محل دنیا کی سب سے حسین اور نادر عمارت سمجھی جاتی ہے ہر سال ہزاروں سیاح اس کو دیکھنے آتے ہیں اور اس کی نقاشی دیکھ کر حیران رہ جاتے ہیں پوری دنیا میں اس کی شہرت اور مقبولیت ہے دنیا کے سات عجائبات میں اس کا شمار ہوتا ہے۔

تاج محل مغل بادشاہ شاہجہاں نے اپنی ملکہ ممتاز محل کی یاد میں بنوایا تھا ایشیا کے بڑے بڑے کاریگر اس کی تعمیر کے لیے بلائے گئے تھے اس کی تعمیر میں کروڑوں روپے خرچ ہوئے تھے لاہور کے شاہی انجینئر احمد کا اس کی تعمیر میں بڑا ہاتھ ہے ۔ اٹلی اور فرانس کہ کاریگروں نے سجاوٹ کا کام کیا تھا اس میں ۴۰ کیلو سونا لگ گیا تھا ۔ کٹہرے میں ہیرے اور جواہرات جڑے ہوے تھے دروازے پر عربی زبان کے کتبے لگے ہوئے تھے چبوترے کے فرش پر سنگ مرمر کے ٹکڑے لگے ہیں۔ تاج محل کی پوری عمارت 17 برس میں تیار ہوئی تھی بیس ہزار مزدوروں نے دن رات کام کرکے اس کو تیار کیا تھا 70 ستر کروڑ روپیہ اس کی لاگت بتائی جاتی ہے یہ دنیا میں بے مثال مقبرہ ہے ساڑھے تین سو سال سے اس کا حسن بدستور قایم ہے۔ مقبرے میں دو سنگ مرمر کی عمارتیں ہیں اصلی قبریں نیچے تہہ خانے میں ہیں ایک قبر ممتاز محل کی اور دوسری شاہ جہاں کی ہے ان قبروں پر تاریخ وفات کندہ ہے چاندنی رات میں اس عمارت کا حسن دوبالا ہو جاتا ہے لوگ اس کے حسن کو دیکھتے ہی حیرت میں پڑ جاتے ہیں شاہجہاں نے مقبرے کی شکل میں اپنی محبت کو زندہ جاوید بنا دیا ہے ۔

---

سوال نمبر٢-والد صاحب کو خیریت کا ایک خط لکھیے ؟۵

کریم نگر، لکھنو

مورخہ -٢۴- جولای ٢٠٢٣ء

محترم جناب والد صاحب

اسلام و علیکم !

آپ کا نوازش نامہ ملا۔ ایک ایک لفظ غور سے پڑھا۔آپ مطمئن رہیں آپ کی ہر نصیحت پر کاربند رہوں گا۔ وقت کی پوری قدر کروں گا۔ایک لمحہ بھی ضائع نہ ہو گا۔ میں جانتا ہوں کہ وقت کو فضول کھونا زندگی کو فضول کھونا ہے۔ اوقات کی پابندی سے ہی انسان ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتا ہے۔ آج سے میں نے روز مرہ کا پروگرام بنا لیا ہے۔ صبح کو ہر روز سیر پر جاؤں گا، مطالعہ کے لئے کافی وقت وقف رکھوں گا، کھیل کود کے لئے شام کو دو گھنٹے نکالوں گا، بازار سے سودا بھی والدہ صاحبہ کو لاکر دیا کروں گا، بھائی بہنوں سے محبت اور رواداری کا سلوک رکھوں گا۔ بڑوں کی عزت کرنا اپنا فرض سمجھوں گا۔ فعل قول اور خیال میں نیک بننے کی پوری کوشش کروں گا۔ آپ یقین جانیے ماں باپ کی خدمت بجا لانے اور ان کو خوش رکھنے میں بے حد مسرت ہوتی ہے۔ خدا سے دعا ہے کہ مجھے آپ کی زیادہ سے زیادہ خدمت کرنے کی سعادت نصیب کرے۔آمین !

آپ کا بیٹا

محمد عمر حسن

سوال نمبر۳: نیچے لکھے محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے ۔ ۵

۱۔ ٹھنڈا ہونا۔۔ سوداگر کا طوطا گرتے ہی ٹھنڈا ہو گیا۔

۲۔ رنج اٹھانا۔ بے سہارا انسان کو دنیا میں بہت رنج اٹھانا پڑتا ہے ۔

۳۔ نو دو گیارہ ہو جانا۔۔چور اچکے پولس کو دیکھتے ہی نو دو گیارہ ہو جاتے ہیں ۔

۴ ۔میٹھی میٹھی باتیں کرنا ۔ سوداگر کا طوطا سوداگر سے میٹھی میٹھی باتیں کیا کرتا تھا۔

۵ ۔ گھٹ گھٹ کر مرنا ۔ سوداگر کا طوطا پنجرے میں گھٹ گھٹ کر مرنے کا ناٹک کیا کرتا تھا۔

سوال نمبر۴: واحد سے جمع ، اور جمع ،سے واحد لکھیں ؟ ۵

(i) احوال-حال

(ii) سفر-اسفار

(iii) سبق-اسباق

(iv) ممالک-ملک

(v) غلط-اغلاط

سوال نمبر۵ :ذیل میں سے کس دو کی تعریف لکھیے ،اور کم از کم ایک ایک مثال بھی پیش کریں ؟ ۵

تخلص-وہ نام جو شاعر اپنے کلام میں استعمال کرتا ہے اور اسی نام سے جانا جاتا ہے اسے تخلص کہتے ہیں۔

جیسے: غالب، میر، سودا وغیرہ

فعل مستقبل-جو کام آنے والے وقتوں میں کیا جایے گا اسے فعل مستقبل کہتے ہیں۔

جیسے: کل میں بارش میں ضرور نہاوں گا۔

سوال نمبر۶: نیچے دی ہوی خالی جگھوں کو بھریے: ۵

(i) آگرہ ہندوستان کا ایک ۔۔۔۔تاریخی۔۔۔۔۔۔۔ شہر ہے۔

(ii) اس طرح یہ تمام عجایبات کا۔۔سرتاج۔۔۔۔۔۔بن گیا۔

(iii) صدر دروازہ اور تاج محل کے درمیان ایک۔۔طویل۔۔ راستہ ہے۔

(iv) یہ عمارتیں مغل تہزیب اور تاریخ کی۔۔نشانی۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔

(v) یہ کہا اور اڑکر اپنے وطن ۔۔۔۔۔۔ہندوستان۔۔۔۔۔۔ روانہ ہوگیا۔

سوال نمبر۷: سوالوں کا صحیح جواب لکھیے؟۱۰

۱۔ سوداگر کیوں رنجیدہ ہوا؟-طوطے کے پنجرے میں مرجانے کی وجہ کر سوداگر رنجیدہ ہوا۔

۲۔ تاج محل کو کس نے اور کیوں بنوایا تھا؟--بادشاہ شاہجہاں نے اپنی بیگم ممتاز کی یاد میں بنوایا تھا۔

۳۔ طوطے نے سوداگر کے ذریعے اپنی قوم کو کیا پیغام پہنچایا؟-

۴۔ سوداگر کے طوطے نے آزادی کس طرح حاصل کی؟-طوطے کے پنجرے میں مرجانے کا جھوٹا ناٹک کر کے آزادی حاصل کرلی۔

۵۔ مسافر کو کس بات پر حیرانی ہوی؟-جب مسافر کو یہ معلوم چلا کہ جو کی سوکھی روٹی پانی میں بھیگو کر کھانے والے کوی اور نہیں اس وقت کے خلیفہ حضرت علی ہیں۔

سوال نمبر۸: ذیل میں کچھ معروضی سوالات دیے گیے ہیںMCQ صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے؟

۱- سرسوں کے پھول ہر طرف کیوں کھل جاتے ہیں؟-۲

B- بسنت کا موسم آنے کی وجہ سے

۲- رنگ بسنتی، لفظ کے کیا معنی ہے؟-۲

B- زرد

۳- سوداگر کیوں رنجیدہ ہوگیا؟

B- پنجرے میں گر کر مرتے دیکھ کر۔

۴- سوداگر نے طوطے کو پنجرے سے باہر کیوں پھیک دیا؟-۲

B- طوطے کو مرا ہوا سمجھ کر

۵- زمین پر گرتے ہی طوطے نے کیا کیا؟-۲

B- طوطا اڑ کر پیڑ کی ٹہنی پر بیٹھ گیا

۶- ماجرا، لفظ کہ کیا معنی ہیں؟-۲

B- قصہ

۷- چاند بی بی کہاں پیدا ہوئیں ؟-۲

A- احمد نگر میں پیدا ہوئیں

۸- چاند بی بی کون کون سی زبان جانتی تھی ؟-۲

B- عربی ء فارسی اور مراٹھی

۹- احمد نگر پر مغلوں کا قبضہ کیسے ہوا؟-۲

A- چاند بی بی کے قتل کے بعد

۱۰- لیاقت، لفظ کے کیا معنی ہیں ؟-۲

C صلاحیت